سوال

(330) ٹیلیفون کی گھنٹی سن کر نماز توڑ دینا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا ٹیلیفون کی گھنٹی سن کر نماز توڑ دینا جائز ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر نماز نفل نماز میں ہو تو اس مقصد کے لیے نماز توڑ دینا جائز ہے مگر مکروہ اور ناپسندیدہ عمل ہے۔ اور اگر نماز فرض ہو تو نماز توڑنا جائز نہیں ہے، جیسے کہ اللہ عزوجل کا فرمان ہے: وَلَا تُبۡطِلُوٓاْ أَعۡمَٰلَكُمۡ ٣٣ (محمد: 47/33) ''اور اپنے اعمال باطل مت کرو۔'' ہاں اگر محسوس ہو کہ یہ فون نہ سننے سے کوئی انتہائی شدید نقصان ہو سکتا ہے تو اس صورت میں نماز توڑ دینا جائز ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 281

محدث فتویٰ